ہر تیسرا پاکستانی بیرون ملک بسنے کا خواہاں، شہری آبادی زیادہ خواہشمند

اسٹاف رپورٹر

کراچی (نیوز ڈیسک) پاکستان کے سرکاری تھنک ٹینک کی ایک رپورٹ کے مطابق ایک تہائی پاکستانی موقع ملنے پر کسی ''اچھے'' ملک جاکر آباد ہونا چاہتے ہیں، بیرون ملک جا کر بس جانے کی یہ خواہش دیہی سے زیادہ شہری آبادی میں پائی جاتی ہے۔

پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ڈویلپمنٹ اکنامکس (پائیڈ) کے سروے کے مطابق تقریباً 37 فیصد پاکستانیوں کو اگر موقع ملے تو وہ بیرون ملک جا کر بس جائیں گے۔ بلوچستان کے رہائشیوں کی خواہش سب سے زیادہ،اس کے بعد خیبر پختونخوا اورسندھ کا نمبر آتا ہے.

اعدادوشمار کے مطابق بیرون ملک مقیم پاکستانیوں میں سے پنجاب سے تقریباً 45 فیصد یعنی 54 لاکھ 60 ہزار987، خیبر پختونخوا سے 32 لاکھ 75 ہزار 904، سندھ سے 10 لاکھ 28 ہزار 582، بلوچستان سے ایک لاکھ 16 ہزار617، پاکستان کے زیرانتظام کشمیر سے 6 لاکھ 90 ہزار968 جبکہ گلگت بلتستان سے 24ہزار 223 افراد بیرون ملک گئے۔

تفصیلات کے مطابق شہری علاقوں میں رہنے والے 40 فیصد افراد میں بیرون ملک جانےکی خواہش پائی جاتی ہے، جبکہ دیہی علاقوں کے 36 فیصد افراد اس خواہش کے اسیر ہیں۔

رپورٹ کے مطابق چاروں صوبوں میں ملک چھوڑنے کی سب سے زیادہ خواہش بلوچستان کے رہائشیوں میں ہے جہاں 42 فیصد افراد پاکستان سے منتقل ہونا چاہتے ہیں۔ اس کے بعد خیبر پختونخوا اورسندھ کا نمبر آتا ہے۔ یہ خواہش پنجاب میں سب سے کم ہے مگر اتنی بھی کم نہیں ہے کیونکہ وہاں کے 35 فیصد شہری بھی ملک سے جانا چاہتے ہیں۔

موقع ملنے پر کتنے فیصد پاکستانی بیرون ملک رہنا پسند کریں گے؟

وسیم عباسی -اردو نیوز، اسلام آباد

ملک سے محبت کا دعویٰ تو سبھی پاکستانی کرتے ہیں مگر موقع دستیاب ہو تو ایک تہائی افراد کسی ’اچھے‘ ملک جا کر سیٹل ہو جائیں گے۔ پاکستان کے سرکاری تھنک ٹینک کی ایک رپورٹ کے مطابق بیرون ملک جا کر بس جانے کی یہ خواہش دیہی سے زیادہ شہری آبادی میں پائی جاتی ہے۔

پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ڈویلپمنٹ اکنامکس (پائیڈ) کے سروے کے مطابق تقریباً 37 فیصد پاکستانیوں کو اگر موقع ملے تو وہ بیرون ملک جا کر بس جائیں گے۔ شہری علاقوں میں رہنے والے 40 فیصد افراد میں یہ خواہش پائی جاتی ہے، جبکہ دیہی علاقوں کے 36 فیصد افراد اس خواہش کے اسیر ہیں۔

رپورٹ کے مطابق چاروں صوبوں میں ملک چھوڑنے کی سب سے زیادہ خواہش بلوچستان کے رہائشیوں میں ہے جہاں 42 فیصد افراد پاکستان سے جانا چاہتے ہیں۔ اس کے بعد خیبر پختونخوا اور سندھ ہے۔ یہ خواہش پنجاب میں سب سے کم ہے مگر اتنی بھی کم نہیں ہے کیونکہ 35 فیصد پنجابی بھی ملک سے جانا چاہتے ہیں۔

مزید پڑھیں

-
-
-

پائیڈ کے مطابق پاکستان کے زیر انتظام تین خطوں میں کشمیرکے لوگ ملک چھوڑنے کے خواہشمندوں میں سب سے زیادہ یعنی 44 فیصد ہیں، اس کے بعد گلگت بلتستان کا نمبر آتا ہے۔

سروے کے مطابق اسلام آباد میں تمام انتظامی زمروں میں ملک چھوڑنے کے خواہشمندوں کا سب سے کم تناسب ہے۔ بلوچستان میں ملک میں رہنے کے خواہشمندوں کی سب سے کم تعداد یعنی 47 فیصد ہے، جبکہ صوبے کے 11 فیصد افراد نے کہا ہے کہ وہ اس بارے میں غیر یقینی کا شکار ہیں کہ آیا وہ ملک چھوڑنا چاہتے ہیں یا رہنا چاہتے ہیں۔

تحقیق میں یہ بات بھی سامنے آئی ہے کہ عمر اور جنس لوگوں کے اپنی شناخت کے تصور کے طریقے کو متاثر کرتی ہے۔ خواتین کے مقابلے میں مردوں کو ملک چھوڑ کر جانے کی زیادہ خواہش ہے۔ اسی طرح 15 سے 24 سال کی عمر کےنوجوانوں کی بڑی تعداد یعنی 62 فیصد ملک سے جانا چاہتی ہے، تاہم عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ یہ خواہش کم ہوتی جاتی ہے۔

کم تعلیم یافتہ افراد میں ملک سے باہر چلے جانے کی خواہش سب سے کم دیکھی گئی ہے۔

لوگ ملک کیوں چھوڑنا چاہتے ہیں؟

پائیڈ کے مطابق اپنا گھر یا اپنا ملک چھوڑنا آسان نہیں پھر بھی اسے لوگ چھوڑنا چاہتے ہیں تو اس کی کوئی بہت مضبوط وجہ ہونی چاہیے۔ سروے سے معلوم ہوا کہ سب سے بڑی وجہ معاشی مشکلات ہیں۔

سروے کے مطابق پاکستانیوں نے ملک چھوڑنے کی خواہش کی دوسری بڑی وجہ زیادہ عزت سے جینا قرار دیا۔ سروے کے مطابق سندھ اور بلوچستان میں زیادہ عزت کی خواہش مساوی مواقع کی خواہش سے کہیں زیادہ ہے۔

ملک سے باہر جانے کی خواہش کی وجہ کے طور پر صنفی مساوات سب سے زیادہ خیبر پختونخوا میں رپورٹ کی گئی (فوٹو: اے ایف پی)

زیادہ بہتر تحفظ کے احساس کے لیے بیرون ملک جانے کی سب سے زیادہ خواہش سندھ میں دیکھی گئی، اس کے بعد بلوچستان اور کشمیر کا نمبر آتا ہے۔

ملک سے باہر جانے کی خواہش کی وجہ کے طور پر صنفی مساوات سب سے زیادہ خیبر پختونخوا میں رپورٹ کی گئی۔

پاکستان بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ کے اعداد و شمار کے مطابق 1971 سے جون 2020 تک ایک کروڑ 12 لاکھ 92 ہزار 164 پاکستانی روزگار کے سلسلے میں دنیا کے 52 ممالک میں گئے۔

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں میں سے پنجاب سے تقریباً 45 فیصد یعنی 54 لاکھ 60 ہزار987، خیبر پختونخوا سے 32 لاکھ 75 ہزار 904، سندھ سے 10 لاکھ 28 ہزار 582، بلوچستان سے ایک لاکھ 16 ہزار617، پاکستان کے زیرانتظام کشمیر سے 6 لاکھ 90 ہزار968 جبکہ گلگت بلتستان سے 24 ہزار 223 افراد بیرون ملک گئے۔